سلور ڈائمین فلورائیڈ: عمومی سوالات

سلور ڈائمین فلورائیڈ کیا ہے؟

سلور ڈائمین فلورائیڈ (silver diamine fluoride, SDF) ایک مائع دوا ہے جو کیویٹی والے دانتوں کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ SDF پر مبنی علاج فوری اور بے درد ہے، اور دانتوں کے علاج کے فراہم کنندہ کی جانب سے کیا جاتا ہے۔

SDF پر مبنی علاج کروانے کے کیا فوائد ہیں؟

SDF فوری طور پر کیویٹیز کو سخت کرتا ہے اور انہیں مزید خراب ہونے سے روکتا ہے۔ SDF علاج کے دوران، مائع کو ایک چھوٹے برش کا استعمال کرتے ہوئے کیویٹی پر لگایا جاتا ہے۔ SDF علاج زیادہ تکلیف دہ علاج کی ضرورت سے بچا سکتا ہے (جیسے فِلنگ کروانا، کراؤن اور دانت نکلوانا)۔ یہ ان بچوں کے لیے بھی ایک اچھا آپشن ہے جن کی دانتوں کی نگہداشت تک رسائی محدود ہے یا دانتوں کے علاج کو برداشت کرنے میں دشواری کا سامنا ہوتا ہے۔ کسی انجکشن یا سوراخ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

کیا SDF پر مبنی علاج محفوظ ہے؟

جی ہاں، SDF کے ذریعے علاج محفوظ ہے اور اس کے کسی قسم کے مضر اثرات معلوم نہیں ہیں۔ SDF کو ان لوگوں پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے جنہیں چاندی سے الرجی ہے، یا جن کے منہ میں چھالے یا کٹ ہیں۔

SDF پر مبنی علاج کروانے کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟

SDF کے ذریعے کیا جانے والا علاج کیویٹیز پر داغ ڈال سکتا ہے۔ کیویٹیز اکثر نرم اور بھورے رنگ کی ہوتی ہیں۔ SDF پر مبنی علاج کیویٹیز کو سخت کرتا ہے اور اس جگہ کو سیاہ کر دیتا ہے (جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ SDF کام کر رہا ہے)۔ مستقبل میں داغوں کو دانتوں کے رنگ والی فلنگ سے کوور کیا جا سکتا ہے۔

دانتوں کی صحت مند جگھوں کا رنگ نہیں بدلے گا۔ شاذ و نادر طور پر، جلد یا مسوڑھوں پر SDF ٹپکنے کی وجہ سے ایک چھوٹا اور عارضی داغ بن سکتا ہے جو چند دن تک رہتا ہے۔

SDF کے ذریعے علاج سے پہلے (دائیں تصویر) اور بعد (بائیں تصویر)۔

کیا SDF لگائے جانے کے بعد کچھ کھایا یا پیا جا سکتا ہے؟

جی ہاں، SDF لگائے جانے کے بعد تقریباً ایک منٹ میں بیٹھ جاتا ہے۔ آپ تھوڑی دیر بعد کھا سکتے ہیں۔

کیا میرے بچے کے لیے SDF پر مبنی علاج ٹھیک رہے گا؟

جن دانتوں کا SDF کے ذریعے علاج کیا جائے انہیں دانتوں کے ڈاکٹر کی جانب سے باقاعدگی سے چیک کیا جانا چاہیے۔ اگرچہ SDF پر مبنی علاج عارضی طور پر کیویٹیز کو بڑا ہونے سے روک سکتا ہے، یہ دانتوں میں کیویٹیز کی وجہ سے بننے والے سوراخوں کو ٹھیک نہیں کرتا ہے۔ کچھ دانت جن کا SDF کے ذریعے علاج کیا جائے انہیں مستقل حل کے طور پر فِلنگ یا کراؤن کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ مستقبل میں دانتوں کے ڈاکٹر کی طرف وزٹس میں SDF کو دوبارہ سے لگانے کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے۔

SDF کے ذریعے کیا جانے والا علاج نئی کیویٹیز کو بننے سے نہیں روکے گا۔ اگر مریض اپنی عادات کو تبدیل نہیں کرتا ہے تو کیویٹیز پیدا ہوتی رہیں گی۔ یہ سفارش کی جاتی ہے کہ مریض روزانہ دو بار اپنے دانت صاف کریں، میٹھے کھانے اور مشروبات سے پرہیز کریں، اور باقاعدگی سے دانتوں کے ڈاکٹر کے پاس جائیں۔

کیا SDF پر مبنی علاج دانتوں کے بیمہ میں کوور ہوتا ہے؟

Medicaid نیویارک اسٹیٹ میں SDF کوور کرتا ہے۔ پبلک صحت بیمہ کے لیے سائن اپ کرنے یا اپنے قریب دانتوں کا کم لاگت والا فراہم کنندہ تلاش کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **311** پر کال کریں۔

دہنی صحت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health/teeth** ملاحظہ کریں۔

NYC Health